© rasailojaraid.com



جہات، مکی اُسوۂ نبوی ﷺ، وحی حدیث، عہدِ نبوی ﷺ میں تنظیمِ ریاست وحکومت، عہدِ نبوی ﷺ کی ابتدائی مہمیں اور تاریخ تہذیبِ اسلامی (دوجلدیں) شامل ہیں۔ زیرِنظر کتاب آپ کا ایک اہم مقالہ ہے جواب لاہور سے کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔ اس کے اہم مباحث یہ ہیں:

۱۔ عبدالمطلب ہاشمی۔ جدامجد نبوی ﷺ ۲۔ سوانح حیات عبدالمطلب ہاشمی ۳۔ تجارت و اسفارِ تجارت ۴۔ اکابرِ قریش سے تعلقات۔ ۵۔ ازدواجی تعلقات۔ ۶۔ آثر عبدالمطلب ہاشمی ۷۔ عبدالمطلب ہاشمی اور محمد رسول اللہ ﷺ

کتاب کا اسلوب علمی اور تحقیقی ہے۔ فاضل محقق نے رسول اللہ ﷺ کے جدِ امجد جناب عبدالمطلب ہاشمی کی سوانح کے ساتھ ساتھ اُن کے حوالے سے بہت سی معلومات جو عام طور پر کتبِ سیرت و تاریخ میں یکجا دستیاب نہیں ہوتیں، اس کتاب میں جمع کردی ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ تمام بیانات باحوالہ ہیں۔ اس کے علاوہ مصنف نے فقط روایات کو جمع کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حاصلِ بحث، روایات پر نقد، اور تعارض کی صورت میں رفعِ تعارض کی صورتیں بھی پیش کی ہیں۔ جس کی وجہ سے کتاب میں مؤلفِ کتاب بھی جابجا موجود نظر آتے ہیں۔

---

نام کتاب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حسن تبسم

مصنف: مولانا محمد ابراہیم فیضی

ناشر: مکتبہ فیض القرآن، قاسم سینٹر، اُردو بازار۔ کراچی

صفحات: ۱۹۰

قیمت: ۱۰۰ روپے

تبصرہ نگار: ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی

نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنِ خلق نے معاشرے کو شگفتہ بنا دیا تھا۔ آپ ﷺ کا حسنِ تکلم اور خندہ جبینی دوستوں اور دشمنوں سب کے لئے یکساں نعمتِ الٰہی تھی، سورج کی روشنی اور بہار کی ہوا کی طرح۔

مولانا فیضی نے معتبر کتبِ احادیث سے وہ واقعات بڑے سلیقے سے جمع کردیئے ہیں، جن سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس پر تبسم کی کرنوں نے ضیا باری فرمائی۔ ان میں سے ہر واقعہ معروف اور عام مفہوم میں لطیفہ نہیں ہے، لیکن گہرے اور حقیقی معنوں میں لطائف ہیں۔ اگرچہ اُس میں

© rasailojaraid.com